ٹاپ اینڈٹی ٹوئنٹی: پاکستان شاہینز نے پرتھ اسکارچرز کو 17 رنز سے ہرادیا

- عثمان خان کی نصف سنچری، عباس آفریدی اور جہانداد خان کی دو دو وکٹیں

ڈارون 10 اگست 2024ء:

پاکستان شاہینز نے ٹاپ اینڈٹی ٹوئنٹی سیریز کے پہلے میچ میں پرتھ اسکارچرز کو 17 رنز سے شکست دے دی۔

ہفتے کے روز کھیلے گئے میچ میں کپتان محمد حارث نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ پاکستان شاہینز نے 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 188 رنز اسکور کیے۔
پرتھ اسکارچرز 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 171 رنز بنانے میں کامیاب ہوسکی۔

پاکستان کی اننگز میں عثمان خان 57 رنز بناکر ٹاپ اسکورر رہے۔ ان کی اننگز میں چار چوکے اور تین چھکے شامل تھے۔

صاحبزادہ فرحان نے ایک چھکے اور پانچ چوکوں کی مدد سے 36 رنز کی اننگز کھیلی۔ عرفات منہاس نے ایک چھکے اور تین چوکوں کی مدد سے 31 اور کپتان محمد حارث نے 25 رنز بنائے۔

عثمان خان اور عرفات منہاس نے چھٹی وکٹ کی شراکت میں 66 رنز کا اضافہ کیا جبکہ عثمان خان اور محمد حارث کی چوتھی وکٹ کی شراکت میں 45 رنز بنے۔

میتھیو اسپورس نے 54 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

پرتھ اسکارچرز کی دو وکٹیں صرف 21 رنز پر گر گئیں جس کے بعد کورے ویزلے اور جوئیل کرٹس نے تیسری وکٹ کی شراکت میں 58 رنز کا اضافہ کیا لیکن ویزلے نے تین چھکوں اور چھ چوکوں کی مدد سے 54 رنز اسکور کیے۔

پاکستان شاہینز کی طرف سے عباس آفریدی اور جہانداد خان نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستان شاہینز ٹاپ اینڈ ٹی ٹوئنٹی سیریز میں اپنا دوسرا میچ اتوار کو میلبرن اسٹارز کے خلاف کھیلے گی۔

مختصر اسکور:

پاکستان شاہینز 188 رنز 7 کھلاڑی آؤٹ (20 اوورز)۔ عثمان خان 57۔ صاحبزادہ فرحان 36۔ عرفات منہاس 31۔ میتھیو اسپورٹس 54/3 وکٹ۔

پرتھ اسکارچرز 171 رنز 6 کھلاڑی آؤٹ۔ (20 اوورز)۔ کورے ویزلے 54۔ عباس آفریدی 32/2 وکٹ۔ جہانداد خان 42/2 وکٹ۔

نتیجہ۔ پاکستان شاہینز نے 17 رنز سے جیتا۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial